روزنامہ

C.P.L 61 ٹیلی فون نمبر 213029

# الفضل

ایڈیٹر : عبدالسمیع خان

جمعرات 19 جولائی 2001ء، 26 ربیع الثانی [illegible]-19 وفا 1380 ہش جلد 51-86 نمبر 161


## تلاوت کا طریق

حضرت عبداللہ بن عمروؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول کریم ﷺ نے مجھے فرمایا: مہینہ میں ایک دفعہ قرآن کا دور مکمل کیا کرو- میں نے کہا میں اس سے زیادہ کی طاقت رکھتا ہوں- تو حضورؐ نے مدت کم کر دی- میں اصرار کرتا گیا یہاں تک کہ حضورؐ نے فرمایا تین دن سے کم کی اجازت نہیں ہے-

(صحیح بخاری کتاب الصوم باب صوم یوم حدیث نمبر 1842)

## ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

آج روئے زمین پر سب الہامی کتابوں میں سے ایک فرقان مجید ہی ہے کہ جس کا کلام الٰہی ہونا دلائل قطعیہ سے ثابت ہے- جس کے اصول نجات کے بالکل راستی اور وضع فطرتی پر مبنی ہیں- جس کے عقائد ایسے کامل اور مستحکم ہیں جو براہین قویہ ان کی صداقت پر شاہد ناطق ہیں- جس کے احکام حق محض پر قائم ہیں- جس کی تعلیمات ہر یک طرح کی آمیزش شرک اور بدعت اور مخلوق پرستی سے بکلی پاک ہیں جس میں توحید اور تعظیم الٰہی اور کمالات حضرت عزت کے ظاہر کرنے کے لئے انتہا کا جوش ہے جس میں یہ خوبی ہے کہ سراسر وحدانیت جناب الٰہی سے بھرا ہوا ہے اور کسی طرح کا دھبہ' نقصان اور عیب اور نالائق صفات کا ذات پاک حضرت باری پر نہیں لگاتا اور کسی اعتقاد کو زبردستی تسلیم نہیں کرانا چاہتا بلکہ جو تعلیم دیتا ہے اس کی صداقت کی وجوہات پہلے دکھلا لیتا ہے اور ہر ایک مطلب اور مدعا کو حجج اور براہین سے ثابت کرتا ہے اور ہر یک اصول کی حقیّت پر دلائل واضح بیان کر کے مرتبہ یقین کامل اور معرفت تام تک پہنچاتا ہے اور جو جو خرابیاں اور ناپاکیاں اور خلل اور فساد لوگوں کے عقائد اور اعمال اور اقوال اور افعال میں پڑے ہوئے ہیں ان تمام مفاسد کو روشن براہین سے دور کرتا ہے اور وہ تمام آداب سکھاتا ہے کہ جن کا جاننا انسان کو انسان بننے کے لئے نہایت ضروری ہے اور ہر یک فساد کی اسی زور سے مدافعت کرتا ہے کہ جس زور سے وہ آج کل پھیلا ہوا ہے- اس کی تعلیم نہایت مستقیم اور قوی اور سلیم ہے گویا احکام قدرتی کا ایک آئینہ ہے اور قانون فطرت کی ایک عکسی تصویر ہے اور بینائی دل اور بصیرت قلبی کے لئے ایک آفتاب چشم افروز ہے-

(براہین احمدیہ- روحانی خزائن جلد 1 صفحہ 81-82)

## شرائط داخلہ جامعہ احمدیہ

جامعہ احمدیہ میں داخلہ کے سلسلہ میں حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کے ارشادات کی روشنی میں تحریر ہے کہ:

1- امیدوار کے لئے فرسٹ ڈویژن میٹرک ہونا ضروری ہے- تاہم فرسٹ ڈویژن سے کچھ کم نمبر لینے والوں کے لئے ایک ماہ کا کورس مقرر کیا جائے گا- جس کے بعد امتحان ہوگا- اور Apptitude Test ہوگا اس میں کامیابی کی بناء پر امیدواروں کا داخلہ کنفرم ہوگا-

2- امیدوار انٹرویو بورڈ کے تحریری اور زبانی امتحان میں پاس ہو-

3- قرآن کریم ناظرہ صحت کے ساتھ پڑھنا جانتا ہو-

4- مقامی امیر کی سفارش امیدوار کے حق میں ہو-

5- میٹرک پاس امیدوار کی عمر کی حد 17 سال اور ایف اے/ایف ایس سی پاس کے لئے 19 سال ہوگی-

**نوٹ**: جامعہ احمدیہ میں داخلہ کے لئے واقفین زندگی طلباء کا انٹرویو مورخہ 18- اگست 2001ء بروز ہفتہ بوقت 7 بجے صبح وکالت دیوان تحریک جدید میں ہوگا-

باقی صفحہ 7 پر

## موسم برسات کی شجرکاری کے لئے ضروری ہدایات

موسم برسات کی آمد آمد ہے- ربوہ کے ماحول کو سرسبز وشاداب بنانے کے لئے اہالیان ربوہ اپنی مدد آپ کے تحت ہر سال ہزاروں کی تعداد میں پودے لگاتے ہیں- موسم برسات کی شجرکاری کی تیاری کرتے ہوئے مندرجہ ذیل باتوں کا خیال رکھنا ضروری ہے-

(1) پودے کا انتخاب آپ نے اپنی مرضی سے کرنا ہے لیکن خیال رہے کہ جہاں آپ پودے لگانا چاہتے ہیں وہاں اوپر بجلی کے تار تو نہیں اگر اوپر بجلی کے تار ہوں تو بڑے قد والے پودے نہ لگائیں- چھوٹے قد والے پودے مثلاً کنیر- گلہڑ وغیرہ لگائیں-

جہاں جگہ کھلی ہے اوپر بجلی کے تار بھی نہیں ہیں وہاں آپ نیم- ارجن- سفیدہ- جامن- مولسری السٹونیا- بکائن وغیرہ لگائیں-

اسی طرح پھلدار پودوں کا انتخاب بھی آپ

باقی صفحہ 7 پر

# عرفانِ حدیث

نمبر 83

مرتبہ: عبدالسمیع خان

## یتیم کی کفالت کا اجر

حضرت سہل بن سعدؓ روایت کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا۔
میں اور یتیم کی دیکھ بھال میں لگا رہنے والا جنت میں اس طرح ہوں گے۔ آپؐ نے سمجھانے کے لئے شہادت کی انگلی اور درمیانی انگلی کے درمیان تھوڑا سا فاصلہ رکھ کر دکھایا کہ اس طرح ہوں گے۔

(صحیح بخاری کتاب الطلاق باب اللعان)

حضرت خلیفۃ المسیح الرابعؒ ایدہ اللہ اس حدیث کی تشریح میں فرماتے ہیں

صحیح بخاری میں کتاب الطلاق میں یہ حدیث درج ہے۔ حضرت سہل رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم نے فرمایا میں اور یتیم کی کفالت کرنے والا جنت میں یوں ہونگے اور آپؐ نے شہادت والی اور درمیانی انگلی کے ذریعے اشارہ فرمایا جب کہ آپ نے ان میں تھوڑا سا فاصلہ رکھا ہوا تھا۔ (صحیح بخاری کتاب الطلاق باب اللعان و قول الله تعالیٰ والذین یَرمُون ازواجَھم ولَم یکُن لھُم شُھَداء اِلا اَنفُسَھُم) یہ شہادت کی انگلی ہے، یہ درمیانی انگلی ہے تو بعض روایتوں میں فاصلے کا ذکر نہیں مگر معلوم ہوتا ہے کسی نے ایک زاویے سے دیکھا ہے اس کو فاصلہ دکھائی نہیں دیا اور جس نے غور سے فاصلہ دیکھا ہے وہ بہت حکمت کی بات ہے جو اس نے بیان کی ہے کیونکہ قیامت کے دن یتیم کی نگہداشت کرنے والا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم سے ملا ہوا نہیں ہوگا۔ آنحضرت کا مرتبہ اور مقام بہت زیادہ بلند ہے۔

میں نے اس لئے یہ حدیث چنی ہے کیونکہ مجھے یہ فاصلے والی بات بہت پیاری لگی ہے ہوگا تو قریب لیکن درمیان میں ایک فاصلہ ہوگا۔ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم اور اس کے درمیان فاصلے کی حکمتیں ہیں، بہت سی حکمتیں ہیں، ایک تو مرتبے کا فرق تو ہے ہی دوسرے یہ کہ کوئی بھی یتیم کی کفالت ایسے نہیں کر سکا جس طرح رسول اللہ ﷺ نے فرمائی۔ پس اگر اور ساری باتیں چھوڑ بھی دو، سارے مراتب کو ایک طرف رکھ دو تو کفالتِ یتیم کے تعلق میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ وسلم کے کوئی قریب بھی نہیں پھٹکتا۔ یہ آپؐ کا احسان ہے کہ اسے اپنے قریب ظاہر فرمادیا ہے مطلب ہے میری سنت پر عمل کرنے والا ہے اس لئے میرے قریب ہے۔

دوسری حدیث مسند احمد بن حنبل سے لی گئی ہے۔ ابوامامہ راوی ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا جس نے یتیم بچے یا بچی کے سر پر محض اللہ تعالیٰ کی خاطر دست شفقت پھیرا اسکے لئے ہر بال کے عوض جس پر اس کا مشفق ہاتھ پھرے نیکیاں ہونگی۔ اب یہاں دستِ شفقت سے صرف یہ مفہوم نہ لے لیں کہ ہاتھ پھیر دیا جس طرح عام طور پر بڑی اور بوڑھی عورتیں ہمارے ملک میں صرف یتیموں پہ نہیں سب بچوں پر ہاتھ پھیر لیتی ہیں۔ یہاں مراد یہ ہے کہ اس کا سرپرست بنا۔ سرپرست لفظ کے اندر یہ بات شامل ہے کہ سر پر ہاتھ رکھا سے مراد ہے کہ اس کا خیال رکھا اور ہاتھ کی وسعت کے نیچے جتنے بھی بال آئیں مراد یہ ہے کہ اس کی جتنی ضرورتیں بھی پوری کرنے کی توفیق ملے اسی کے مطابق تمہیں نیکیاں ملیں گی۔ چنانچہ فرمایا اس کے ہر بال کے عوض جس پر اس کا مشفق ہاتھ پھرے نیکیاں ہونگی۔ "اور جس شخص نے اپنے زیر کفالت بچے یا بچی سے احسان کا معاملہ کیا وہ اور میں جنت میں یوں ہونگے آپ نے اسی طرح دو انگلیاں اٹھائیں"۔ (مسند احمد بن حنبل جلد ٥ صفحہ ٢٦٥ مطبوعہ بیروت)

روزنامہ الفضل ربوہ 29۔ اپریل 99ء

---

فارسی منظوم کلام حضرت بانی سلسلہ

## جانِ جانِ ماست آں جانانِ ما

وہ ہمارا معشوق ہماری جانوں کی جان ہے

جاں فدائے آنکہ اُو جاں آفرید
دل نثارِ آنکہ زُوشد دل پدید

جان اس پر قربان ہے جس نے اس جان کو پیدا کیا۔ دل اس پر نثار ہے جس نے دل کو بنایا

جاں ازو پیدا ست زیں مے جویدش
رَبُّنَا اللہ۔ رَبُّنَا اللہ گویدش

جان چونکہ اسی کی پیدا کی ہوئی ہے اس لئے اسے ڈھونڈتی ہے اور کہتی ہے تو ہی میرا رب ہے تو ہی میرا رب ہے

گر وجودِ جاں نبُودے زُو عیاں
کے شدی مہرِ جمالش نقشِ جاں

اگر جان کا وجود اس کی طرف سے نہ ہوتا تو اس کے حسن کی محبت جان پر کس طرح نقش ہوتی

جسم و جاں را کرد پیدا آں یگاں
زِیں دَوَد دل سوئے اُو چوُں عاشقاں

جسم اور جان کو اسی یکتا نے پیدا کیا ہے اس لئے عاشقوں کی طرح دل اس کی طرف دوڑتا ہے

اُو نمک ہا ریخت اندر جانِ ما
جانِ جانِ ماست آں جانانِ ما

چونکہ اس نے ہماری روحوں پر محبت کا نمک چھڑکا ہے اس لئے وہ ہمارا معشوق ہماری جانوں کی جان ہے

ہر وجودے نقشِ ہستی زُو گرفت
جانِ عاشق رنگِ مستی زُو گرفت

ہر وجود نے اسی سے اپنی ہستی کا نقش حاصل کیا ہے اور عاشق کی جان نے بھی مستی کا رنگ اسی سے لیا ہے

ہر کہ نزدِش خود بخود جانے بوَد
اُو نہ دانا سخت نادانے بوَد

جس شخص کے نزدیک روح خود بخود پیدا ہو گئی ہے وہ شخص دانا نہیں بلکہ سخت بے وقوف ہے

(ست بچن۔ روحانی خزائن جلد 10 صفحہ 113)

پبلشر آغا سیف اللہ۔ پرنٹر قاضی منیر احمد۔ مطبع ضیاء الاسلام پریس۔ مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت تین روپے

# امراض قلب اور ان کا علاج

## حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ کی کتاب "ہومیو پیتھی یعنی علاج بالمثل" کی روشنی میں

قسط اول

مرتبہ: ہومیو ڈاکٹر پروفیسر محمد اسلم سجاد صاحب

### 1- ایکونائیٹ نیپلس

**Aconitum Napellus**

دل کی بیماریوں میں بھی ایکونائیٹ بہت کام آتی ہے۔ میرے والد مرحوم جو خود بھی ایک بہت اچھے ہومیو پیتھ تھے۔ وہ اکثر دل کی تکلیف میں ایکونائیٹ اور کریٹیگس (Crataegus)Q ملا کر دیا کرتے تھے۔ ایکونائیٹ کو مدر ٹنکچر کی صورت میں ہی کریٹیگس مدر ٹنکچر سے ملا کر ٹانک بنایا جاتا ہے۔ آٹھ دس قطرے کریٹیگس Q کے اور صرف ایک دو قطرے ایکونائیٹ Q کے پانی میں حل کر کے پلا دیں تو اللہ کے فضل سے بہت موثر ثابت ہوتے ہیں۔ ایکونائیٹ کی زیادہ مقدار خطرناک ثابت ہو سکتی ہے۔ اس لئے احتیاط کرنی چاہئے۔ (صفحہ 11، 12)

ایسا مریض جس کے دل کے دھڑکنے کی رفتار معمول سے زیادہ ہو اس کے لئے ایکونائیٹ بہت مفید ہے۔ بعض دفعہ معدے میں ہوا پیدا ہونے سے یا اعصابی کمزوری کی وجہ سے دل بہت تیزی سے دھڑکنے لگتا ہے۔ نیند بھی نہیں آتی۔ اگر کسی چیز کا خوف ہو، کوئی بری خبر سنی ہو یا امتحان دینے کے لئے جانا ہو یا کوئی ابتلا درپیش ہو تو ہیجان سے دل کی دھڑکن تیز ہو جاتی ہے۔ ایکونائیٹ 30 یا 200 میں دینے سے دھڑکن معمول پر آ جاتی ہے اور طبیعت پر سکون ہو جاتی ہے۔ (صفحہ 12)

### 2- ایڈرینالین

**Adrenalin**

(الف) ایک معالج نے انجائنا اور اس سے ملتی جلتی علامات میں بھی ایڈرینالین کو مفید بتایا ہے۔ دل کے اردگرد اور سینے کی ہڈی میں کھانا کھانے کے بعد اور چلنے سے درد ہو تو اس ڈاکٹر کے مطابق یہ فائدہ مند ثابت ہوتی ہے۔ سینے کی گھٹن اور تنگی کے لئے بھی مفید ہے۔ رگوں کے سکڑنے کے نتیجہ میں خون کا دباؤ بڑھ جاتا ہے۔ اس لئے یہ ہومیو پیتھی پوٹینسی میں بلڈ پریشر کے لئے بھی مفید ہو سکتی ہے۔ (صفحہ 19)

(ب) دل کی دھڑکن تیز ہو جاتی ہے۔ خون کا دباؤ بڑھ جاتا ہے۔ گھٹن اور تنگی کا احساس ہوتا ہے...... اس ...... میں شریانوں کے اردگرد کے عضلات کو سکیڑنے کی صلاحیت موجود ہے۔ ہومیو پیتھی طریق علاج میں یہ دوا ہر قسم کے سیلان خون کو روکنے میں مدد دیتی ہے۔ پھیپھڑوں، ناک، انتڑیوں، رحم یا کہیں اور سے خون جاری ہو جائے اور اسے روکنے کے لئے کسی دوا کی واضح علامتیں نہ ہوں تو ایڈرینالین کو بھی فوری ضرورت کے لئے استعمال کیا جا سکتا ہے۔ خصوصاً نکسیر میں اسے بہت مفید پایا گیا ہے۔ کئی سرجن آپریشن سے پہلے اس کا استعمال کرتے ہیں تاکہ خون ضائع نہ ہو۔

### 3- ایسکولس ہپوکاسٹینم

**Aesculus Hippocastinum**

(الف) ایسکولس میں دل کی علامات بھی نمایاں ہیں۔ دل کے مقام پر جلن اور درد، دل کی دھڑکن میں اضافہ جس کی وجہ سے رگوں میں ہر جگہ دھڑکن نمایاں ہوتی ہے۔ سینے میں گرمی محسوس ہوتی ہے۔ (صفحہ 23)

(ب) ایسکولس وری کوز وینز (Varicose Veins) یعنی وریدوں کے گچھے پھول جانے کی بھی بہترین دوا ہے۔ عموماً عورتوں میں حمل کے دوران ٹانگوں پر جالا سا بن جاتا ہے، ہر طرف نیلے رنگ کی وریدیں پھیلنے لگتی ہیں جو بہت تکلیف دہ ہوتی ہیں۔ اس بیماری میں ایسکولس بہت مفید دوا ثابت ہوئی ہے۔ (صفحہ 23)

### 4- ایلومینا

**Alumina**

جہاں تک کھانے پکانے یا دیگر استعمال کے برتنوں کا تعلق ہے...... ایلومینا کا مستقل استعمال انسانی صحت پر بہت گہرے منفی اثرات ڈالتا ہے۔ یہ زہر بہت آہستگی سے اثر انداز ہوتا ہے مگر مستقلاً انسانی وجود کا حصہ بن جاتا ہے۔ یہ خون کی نالیوں کو سکیڑتا ہے نیز نالیوں میں رفتہ رفتہ ایسے مادوں کی تہہ جمنے لگتی ہے جن کی وجہ سے تنگ ہوتے ہوتے تقریباً بند ہو جاتی ہیں اور دل کے حملے کا موجب بنتی ہیں۔ (صفحہ 49)

### 5- ارجنٹم میٹیلیکم

**Argentum Metallicum**

(الف) وریدوں کے خلیوں سے بھی اس کا تعلق ہے۔ اس میں ایک عجیب اور غیر معمولی علامت پائی جاتی ہے۔ جو عام طور پر دوسری دواؤں میں نہیں ملتی، وہ یہ کہ عورتوں کے اندرونی اعضا میں یہ بائیں طرف اور مردوں کے اندرونی اعضا میں دائیں طرف اثر دکھاتی ہے۔ (صفحہ 73)

(ب) عورتوں میں حمل کے دوران دل کی دھڑکن زیادہ ہو جاتی ہے۔ کبھی کبھی اچانک دل بہت شدت سے دھڑکنے لگتا ہے ایسی صورت میں ارجنٹم میٹیلیکم خدا کے فضل سے بہت موثر ثابت ہوتی ہے۔ (صفحہ 76)

### 6- ارجنٹم نائٹریکم

**Argentum Nitricum**

(الف) ایک بیماری جو آرٹیریو سکلروسس (Arterio Sclerosis) کہلاتی ہے یعنی دماغ کی طرف خون لے جانے والی شریانوں کا تنگ ہو جانا۔ اس میں ماضی قریب کے گزرے ہوئے واقعات بھول جاتے ہیں۔ بعض دفعہ دماغ کی طرف خون لے جانے والی شریانوں میں وقتی تشنج بھی پیدا ہوتا ہے۔ جس کی وجہ مریض سب کچھ بھول جاتا ہے۔ اگر تشنج کا رجحان زیادہ ہو جائے تو مریض مستقل طور پر یادداشت کھو بیٹھتا ہے۔ (صفحہ 78)

(ب) ارجنٹم نائٹریکم میں دل کمزور ہو جاتا ہے۔ اور اس میں کیوپرم اور کاربوانیملیس کی طرح نیلاہٹ کا رجحان ہوتا ہے۔ کیوپرم میں تشنج کی وجہ سے جسم نیلا ہو جاتا ہے۔ کاربوانیملیس میں آکسیجن کی کمی خون کی خرابی کی وجہ سے نیلاہٹ ہوتی ہے۔ ارجنٹم نائٹریکم میں نیلاہٹ کا رجحان کاربوانیملیس سے مشابہ ہے۔ ان دونوں دواؤں کی نیلاہٹ سارے جسم پر ظاہر ہوتی ہے۔ جیسے کسی کا دم گھٹ جائے تو جسم نیلا ہو جاتا ہے۔ (صفحہ 78، 79)

### 7- آرنیکا

**Arnica Mountina**

دل کے حملہ میں عموماً آرنیکا کو لیکسس سے ملا کر دیا جاتا ہے۔ کیونکہ لیکسس اس سانپ کے کاٹے کی دوا ہے جس کا زہر خون کو جما کر پھٹکیاں بنا دیتا ہے۔ اور خون منجمد ہونے کی وجہ سے دل پر حملہ ہو جاتا ہے۔ بعض سانپوں کے زہر دل کے اعصاب پر بھی اثر انداز ہوتے ہیں۔ لیکن خون پر بد اثر نہیں ڈالتے۔ ایسے سانپوں میں "ناجا" سب سے اول نمبر پر ہے۔ اس کا زہر دل کے اعصاب پر حملہ کرتا ہے۔ جبکہ لیکسس خون خراب کر کے دل کو نقصان پہنچاتا ہے۔ آرنیکا اور لیکسس دونوں کا خون جمنے سے تعلق ہے۔ اس لئے ایسی ملتی جلتی دواؤں کو ایک دوسرے کے بعد استعمال نہیں کرنا چاہئے کیونکہ بعض دفعہ ان دواؤں کے اثرات ایک دوسرے سے ٹکرا جاتے ہیں۔ اور ایسا مریض ہاتھ سے نکل جاتا ہے۔ دو تین دواؤں کو ایک دوسرے کے بعد دینا یا ملا کر ایک نسخہ کی صورت میں دینا ایک ایسا فن ہے جو دواؤں کے مزاج کے گہرے مطالعہ اور تجربہ سے نصیب ہوتا ہے۔ اسی خطرہ کے پیش نظر میں آرنیکا کو لیکسس سے ملا کر دیتا ہوں۔ یا پھر دونوں میں سے صرف ایک دوا استعمال کراتا ہوں........ اگر دل کا حملہ خون جمنے کی وجہ سے ہو تو آرنیکا خون کو مناسب حد تک پتلا کرتی ہے۔ (صفحہ 83، 84)

### 8- آرسینک البم

**Arsenicum Album**

**(Arsenious Acid)**

آرسینک دل کے لئے اچھی دوا ہے۔ اس کے مریض کی نبض باریک ہوتی ہے مگر باوجود کمزوری محسوس کرنے کے نبض میں تیزی اور تناؤ پائے جاتے ہیں۔ (صفحہ 96)

## 9- آرم مٹیلیکم
## Aurum Metallicum

آرم مٹیلیکم میں خون کی وریدیں موٹی ہونے لگتی ہیں- ان میں خون کے لوتھڑے بن جاتے ہیں اور خون کی رگوں میں دھڑکن اور تپکن پیدا ہو جاتی ہے- خون کے سرخ ذرات جوڑوں میں جمع ہو جاتے ہیں جس سے جوڑوں کی تکلیفیں پیدا ہوتی ہیں- دل اور جگر کی خرابی کی وجہ سے جسم کے کچھ حصے اور جسم کی ہر جگہ کی غدودیں پھول جاتی ہیں-

(صفحہ 112)

## 10- آرم میور
## Aurum Muriaticum

آرم میور سونے کے نمک سے تیار کی جانے والی دوا ہے- اس کی اکثر تکلیفیں دل کے گرد گھومتی ہیں اور آرم مٹیلیکم کی طرح اس میں جگر اور دل کی بیماریاں اکٹھا حملہ کرتی ہیں-

(صفحہ 117)

## 11- برائیٹا کارب
## Baryta Carb

برائیٹا کارب اوپر کے بلڈ پریشر (Systolic) میں مفید ہوتی ہے- لیکن نچلے بلڈ پریشر (Diasystolic) پر اثر انداز نہیں ہوتی- جو مریض لمبے عرصہ تک برائیٹا کارب استعمال کرے اس کا بلڈ پریشر متواتر چیک کرتے رہنا چاہئے- کہ کہیں اوپر کا بلڈ پریشر زیادہ تو نہیں گر گیا- اگر اوپر کا بلڈ پریشر زیادہ گر چکا ہو تو کچھ عرصہ تک برائیٹا کارب روک کر حسب ضرورت دوبارہ استعمال کی جاسکتی ہے- آرٹیریو سکلروسس (Ar teriosclerosis) یعنی ذہن کی شریانوں کے سکڑ جانے سے جو تکلیفیں پیدا ہوتی ہیں ان کے علاج کے طور پر برائیٹا کارب ایک نہایت اہم دوا ہے اسی طرح ایسے مریض کو مستقلاً کریٹیگس (Crataegus) دینا بہت فائدہ مند ثابت ہوتا ہے لیکن یاد رکھیں کہ آرٹیریو سکلروسس کا مریض بہت آہستہ آہستہ بنتا ہے- یعنی یہ بیماری سال ہا سال میں اپنی تکمیل کو پہنچتی ہے- اور دور بھی آہستہ آہستہ ہی ہوتی ہے- پس یہ امید نہ رکھی جائے کہ ادھر برائیٹا کارب دی اور ادھر مریض دو چار مہینے کے اندر بالکل ٹھیک ہو جائے گا- کم سے کم ایک سال یا دو سال تک اسے صبر کے ساتھ استعمال کروانا چاہئے- اس پہلو سے یہ اکثر بوڑھوں کی بہترین دوست ثابت ہوتی ہے- اور فی الحقیقت یہ ارذال العمر کی دوا ہے-

(صفحہ 127)

## 12- بیلاڈونا
## Belladonna

بیلاڈونا دوران خون پر اثر انداز ہونے والی دوا ہے- دل، پھیپھڑے، دماغ اور اعصابی نظام بھی اس سے متاثر ہوتے ہیں- ایکونائیٹ کی طرح بیماری کا اچانک حملہ بیلاڈونا کی بھی خاص علامت ہے- لیکن بیلاڈونا ایکونائیٹ کے مقابل پر زیادہ لمبا اثر رکھنے والی دوا ہے- بیلاڈونا کی نمایاں خصوصیت سوزش ہے جس سے خصوصاً دماغ، پھیپھڑے جگر اور انتڑیاں متاثر ہوتے ہیں-

(ص 133)

## 13- بربرس ولگیرس
## Berberis Vulgaris
## (Bar Berry)

(الف) اگر جگر کی خرابی کی وجہ سے دل کی تکلیف ہو تو وہاں بھی بربرس مفید ہو گی لیکن یہ براہ راست دل کا ٹانک نہیں ہے اول طور پر جگر کی خرابی کی دوا ہے- اگر جگر کی خرابی کی وجہ سے دل کی تکلیف ہو تو اسے بھی ٹھیک کر سکتی ہے-

(صفحہ 149)

(ب) بربرس کے بارے میں اچھے ہومیو پیتھک معالجین بتاتے ہیں کہ جگر کی خرابی کے نتیجہ میں اگر دل کمزور ہو تو یہ پہلے جگر ٹھیک کرتی ہے پھر دل بھی خود ہی ٹھیک ہو جاتا ہے- اگر جسم میں کہیں تیزابی مادے اور یوریا وغیرہ جمع ہو جائیں تو یہ دوا ان کو وہاں سے ہلاتی رہتی ہے اور خون میں شامل کرتی ہے پھر ان کو گردوں کے ذریعہ باہر نکال دیتی ہے- خون میں تیزابی مادے شامل ہو جائیں تو وقتی طور پر دل بھی متاثر ہو سکتا ہے اور جب تک یہ تیزابی مادے خارج نہ ہو جائیں دل میں احساس رہتا ہے ورنہ اس دوا کا براہ راست بیماریوں سے کوئی تعلق نہیں ہے- اگر بربرس کے استعمال کے دوران دل پر برا اثر پڑے تو مریض کو زیادہ پانی پلانا چاہئے تاکہ پیشاب زیادہ آئے اور فاسد مادے اور تیزاب پیشاب کے ذریعہ تیزی سے خارج ہوں اور دل کو تنگ نہ کریں-

(صفحہ 151)

## 14- بسمتھم
## Bismuthum

بسمتھ انجائنا میں بھی مفید دوا ہے- اس میں عموماً سینے کی ہڈی کی بجائے بائیں طرف دل سے درد اٹھتا ہے اور کندھے سے ہو کر انگلیوں کے کناروں تک جاتا ہے- بسا اوقات یہ درد انجائنا کے علاوہ معدے میں السر یا سوزش کی وجہ سے بھی ہوتا ہے- دونوں صورتوں میں بسمتھ دوا ہو سکتی ہے-

(صفحہ 153، 154)

## 15- بوریکس
## Borax

کار اونچائی سے نیچے ڈھلان کی طرف آرہی ہو تو دل بیٹھنے لگتا ہے-

(صفحہ 156)

## 16- کیکٹس گرینڈی فلورس
## Cactus Grandiflorus

(الف) اس کی بیماریوں کے حملے میں اچانک پن پایا جاتا ہے- دل پر بھی حملہ اچانک ہوتا ہے- جیسے کسی نے یکلخت شکنجے میں جکڑ دیا ہو- دل کی بیماریوں میں خصوصاً وہ بیماریاں جن میں عضلات پھیل جائیں اور والوز خراب ہو جائیں کیکٹس بہت مفید ثابت ہوتا ہے-

(صفحہ 177)

(ب) دل، گردوں، انتڑیوں اور چہرے کی طرف خون کا اجتماع کیکٹس ......... میں پایا جاتا ہے-

(صفحہ 177)

(ج) یہ دوا دل کے لئے تب مفید ثابت ہوتی ہے جب تکلیف دل تک ہی محدود رہے اور وہیں جکڑن کا احساس ہو- انجائنا میں سینہ کے درمیان کی ہڈی میں تکلیف ہوتی ہے- اگر دل بڑھ جائے اور اس کی حرکت معمول کے مطابق نہ رہے، تیز سوئی کی چبھن کی طرح درد ہو اور سرسراہٹ ہونے لگے (بشرطیکہ دل کے گرد سخت جکڑن کا احساس ہو) تو ایسا انجائنا کا مریض بھی کیکٹس سے کلی شفا پا سکتا ہے-

(صفحہ 178)

(د) اگر دل اچانک مٹھی میں بند ہونے کا احساس ہو تو کیکٹس گرینڈی فلورا بہترین دوا ہے-

(صفحہ 679)

## 17- کلکیریا آرس
## Calcarea Ars

کیلشیم ایک شدید کمزوری پیدا کرنے والی دوا ہے- اگر جسم میں اس کا توازن معمولی سا بھی بگڑ جائے تو بہت زیادہ کمزوری پیدا ہوتی ہے- بلڈ پریشر بھی متاثر ہوتا ہے- اور بعض دفعہ مریض اچانک بے دم ہو کر گر جاتا ہے-

(صفحہ 187)

## 18- کیپسیکم
## Capsicum
## (Cayenne pepper)

حنجرہ اور ہوا کی نالی میں خشک کھانسی کے ساتھ سرسراہٹ اور کھانسنے سے مثانہ میں دباؤ پیدا ہوتا ہے- سانس کے ساتھ سینے میں درد دل کے نچلے حصہ میں پسلیوں کے پاس درد، مریض کھلی ہوا پسند نہ کرے ......... یہ سب علامتیں کیپسیکم میں پائی جاتی ہیں-

(صفحہ 235)

## 19- کاربونیم سلفیوریٹم
## Carboneum Sulphuratum

سیڑھیاں چڑھتے ہوئے سینے پر بوجھ محسوس ہوتا ہے اور کمزوری لاحق ہو جاتی ہے- اگر یہ بوجھ سینے کی درمیانی ہڈی (Sternum) پر محسوس ہو تو یہ انجائنا کی ابتدائی علامت بھی ہو سکتی ہے- اس لئے اسے نظر انداز نہیں کرنا چاہئے بلکہ کسی کلینک سے معائنہ کروا لینا چاہئے- سینے پر کچھ بوجھ محسوس ہو تو ضروری نہیں کہ دل کی تکلیف ہو- بسا اوقات اعصابی نظام کی کمزوری یا پھیپھڑوں اور معدہ کی بیماریوں کی وجہ سے بھی یہ علامت ظاہر ہوتی ہے- اس لئے یہ کوئی خاص امتیازی علامت نہیں-

(صفحہ 251)

## 20- کاربوویج
## Carbo Vegetabilis

(الف) کاربوویج دل کی بیماریوں میں جہاں دل کے اعصاب جواب دے رہے ہوں، بہت مفید ہے- یہ عموماً اعصاب کا بہترین ٹانک ہے-

(صفحہ 243)

(ب) کاربوویج کی علامات میں ہاتھ اور پاؤں کا سونا بھی شامل ہے- ٹانگیں بھی سن ہو جاتی ہیں خاص طور پر پنڈلیوں کے اعصاب پر اثر ہوتا ہے- پنڈلیوں کے عضلات کو عموماً دوسرا دل کہا جاتا ہے- کیونکہ یہ خون کو نیچے سے پمپ کر کے اوپر بھیجتے ہیں- اچانک کھڑے ہونے سے سر خالی ہو جائے تو یہ اس بات کی علامت ہوتی ہے کہ پنڈلیوں سے خون صحیح طرح پمپ ہو کر اوپر نہیں آیا- اس کیفیت میں کاربوویج بہت مفید ہے-

(صفحہ 243)

## 21- سیانوتھس
## Ceanothus

تلی کی خرابیوں کے لئے اس سے بہتر دوا میرے علم میں نہیں- اگر تلی میں سختی پیدا ہو جائے تو خون کی شریانیں سخت ہو جاتی ہیں- اس کے نتیجہ میں پیدا ہونے والے ایسے مزمن بلڈ پریشر میں جس کا تعلق جگر اور تلی سے ہو سیانوتھس کو استعمال کرنا چاہئے- یہ خون کے دباؤ کو کم کرتی ہے- بلڈ پریشر کا تعلق عموماً دل اور گردے سے ہوتا ہے- لیکن جب بیماری کا مرکز جگر اور تلی ہو تو اس صورت میں سیانوتھس دینی چاہئے-

(صفحہ 267)

## 22- کروٹیلس ہری ڈس
## Crotalus Horridus

دل کی کمزوری بھی کروٹیلس کی خاص علامت ہے- یہ بات سانپ کے تقریباً سب زہروں میں پائی جاتی ہے- خصوصاً حیض کے دنوں میں دل کانپتا ہوا محسوس ہوتا ہے- ہاتھ بھی کانپتے ہیں اور سوج جاتے ہیں- ٹانگیں سن ہو جاتی ہیں اور بائیں جانب فالج

باقی صفحہ 6 پر

# ملکی خبریں

ملکی ذرائع ابلاغ سے

ربوہ: 18 جولائی - گزشتہ چوبیس گھنٹوں میں کم از کم درجہ حرارت 22 زیادہ سے زیادہ 38 درجے سنٹی گریڈ

☆ جمعرات 19- جولائی غروب آفتاب: 7-16

☆ جمعہ 20 جولائی طلوع فجر: 3-38

☆ جمعہ 20- جولائی طلوع آفتاب: 5.14

**دیگر سمجھوتے جن پر دستخط نہ ہوئے** پاکستان کے صدر جنرل پرویز مشرف اور بھارتی وزیر اعظم اٹل بہاری واجپائی کے درمیان ہونے والی ملاقات کے مشترکہ اعلامیہ کے ڈرافٹ میں جو باتیں طے پائی تھیں مگر جن پر دستخط نہ ہوسکے یہ بھی تھیں کہ وزرائے خارجہ سال میں دو دفعہ ملا کریں گے- اور دونوں سربراہ سال میں کم از کم ایک ملاقات ضرور کریں گے- تاہم مذاکرات کا سلسلہ جاری رہے گا بی بی سی نے انٹرنیٹ پر جاری ہونے والے تبصرہ میں کہا ہے کہ دونوں رہنماؤں میں ملاقات کے چار راؤنڈ ہوئے- باقی سب باتوں پر اتفاق تھا صرف کشمیر کے مسئلے نے رکاوٹ پیدا کی- بھارت کا اصرار تھا کہ پاکستان سرحد پار دہشت گردی کا ذمہ دار ہے جبکہ جنرل مشرف نے واضح کردیا کہ یہ جدوجہد آزادی ہے جو کشمیری لڑ رہے ہیں- پاکستانی ذرائع نے بتایا کہ کئی ڈرافٹ مشترکہ اعلامیہ کے تیار کئے مگر بھارتیوں نے انکار کردیا-

**میٹرک کے سالانہ نتائج** پنجاب بھر کے تمام تعلیمی بورڈ 20 جولائی کو میٹرک کے امتحانات کا اعلان کریں گے- فیصل آباد، ملتان، ڈیرہ غازی خان، بہاولپور، لاہور، سرگودھا، راولپنڈی اور گوجرانوالہ کی انتظامیہ نے میٹرک کے سالانہ امتحان 2000ء کے نتائج کا اعلان ایک ہی روز کرنے کا فیصلہ کیا ہے-

**بھارت نے گولڈن چانس گنوادیا** مبصرین کا کہنا ہے کہ بھارت نے کشمیر کے مسئلے کے حل کا گولڈن چانس گنوادیا- مبصرین کا یہ بھی کہنا ہے کہ امریکہ چاہے تو مسئلہ کشمیر حل ہوسکتا ہے- تاہم مبصرین کو اس امر پر حیرت تھی کہ بھارت کے ذرائع ابلاغ نے حیران کن طور پر کشمیر کے موضوع کو بھرپور انداز میں اٹھایا حالانکہ ملک بھر میں اس بات پر تعصب پایا جاتا تھا کہ کشمیر کا ذکر نہ کیا جائے-

**بھارتی جنگی قیدی؟** صدر جنرل پرویز مشرف نے بھارت کے دورہ سے واپسی پر بھارتی جنگی قیدیوں کے مسئلے پر تحقیقات کا حکم دیا ہے- تاہم ذرائع کا کہنا ہے کہ 20 برس پہلے بھی اس بارے میں تحقیقات کی گئی تھی چاروں صوبوں نے کسی بھی بھارتی جنگی قیدی کی موجودگی سے انکار کیا تھا-

**مذاکرات کو کشمیر کا یرغمال نہیں بنایا جاسکتا تھا**

بھارت کے وزیر خارجہ جسونت سنگھ نے آگرہ مذاکرات کی ناکامی کے بعد کہا کہ بات چیت ناکام نہیں ہوئی- امن کا کارواں منزل پر ضرور پہنچے گا تاہم انہوں نے واضح کیا کہ مذاکرات کو صرف کشمیر کا یرغمال نہیں بنایا جاسکتا- انہوں نے کہا کہ بات ختم نہیں ہوئی- اختلاف صرف اس بات پر ہے کہ پاکستان چاہتا ہے کہ کشمیر کو واحد بنیادی مسئلہ تسلیم کیا جائے اور وہ سرحد پار دہشت گردی روکنے سے انکار کرتا ہے- صرف ایک ہی موضوع "کشمیر" پر ضد درست نہیں- لیکن مذاکرات کو کشمیر کا یرغمال نہیں بنایا جاسکتا- ہم کشمیر کا مسئلہ حل کرنے کے اپنے عزم پر کاربند ہیں- اعتماد کی بحالی کے لئے طے شدہ امور پر عمل درآمد جاری رہے گا-

**جہاد ہی واحد حل ہے** کشمیر میں لڑنے والی دو تنظیموں حزب المجاہدین اور حرکت المجاہدین نے کہا ہے کہ ہمارا موقف درست تھا کہ جہاد ہی کشمیر کا واحد حل ہے- انہوں نے مذاکرات کی ناکامی کا ذمہ دار بھارت کو قرار دیا-

**مشرف کو پریس کانفرنس کیوں نہیں کرنے دی**

بھارت کے ذرائع نے کہا ہے کہ جنرل مشرف کو واپسی سے فوراً پہلے پریس کانفرنس اس لئے نہیں کرنے دی گئی کیونکہ سیکیورٹی کے انتظامات کافی نہ تھے- مختصر نوٹس پر پریس کانفرنس اور سیکیورٹی کے انتظامات کرنا ممکن نہ تھے-

**بھارتی سیاسی جماعتوں کا تبصرہ** بھارت کی سیاسی جماعتوں نے تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ اسی نتیجہ کی توقع تھی- مگر دونوں ملکوں کے درمیان رابطوں کی بحالی اشد ضروری ہے-

**اشتہاری نے پانچ قتل کردیئے** گوجرانوالہ سے تیس کلومیٹر دور تھانہ احمد نگر کے علاقے موضع منصور والی میں ایک اشتہاری ملزم نے فائرنگ کر کے دادا، دادی، پھوپھی اور دو چچا قتل کردیئے- تنازعہ جائیداد کا تھا-

**امریکہ کا تبصرہ** امریکہ نے کہا ہے کہ مذاکرات امید افزاء ہیں بالآخر دونوں ملکوں کے تنازعات ختم ہو جائیں گے- امن کا کارواں جاری رہے گا- دونوں ملک ایک دوسرے کی مجبوریوں کو سمجھ گئے ہیں-


SAIGAL SONS
CLEARING & FORWARDING AGENT
Z.N. TRADING
Z.N. TRADING (SINGAPORE) PTE LTD

SAIGAL SONS
4th Floor, Room # 6,
Noman Tower,
Marston Road,
Karachi-Pakistan.
Tel: 7736559, 7732860, 7731692
Fax: (92-21) 7720723

Z.N. TRADING
75 High Street No. 05-02,
Wisma Sugnomal
Singapore, 179435
Tel: 338 3861, 338 9679
Fax: 338 3862
E-mail: sidra@singnet.com.sg
Website: http://zntrade.hypermart.net./

ہمارے ریٹ
دیسی گھی -/120 روپے فی کلو تھوک
دیسی گھی -/130 روپے فی کلو پرچون
خان ڈیری اینڈ سٹریز
38/1 دارالفضل ربوہ فون 213207

اکسیر اولاد نرینہ
مکمل کورس -/600 روپے
ناصر دواخانہ رجسٹرڈ گولبازار ربوہ
فون 212434 فیکس 213966

AMERICAN TRADERS
(F.Z.E) UNITED ARAB EMIRATES
We are supplying textile machinery (new-secondhand) to south asian Countries since two decades. We have all kind of looms-embroidery and knitting machines,raschual machine (to make curtain of net) available for very competitive prices now. Complete unit of Nonwoven (monopoly in Pakistan) also available. We can also provide you all kind of trading services in U.A.E
**Please Contact-Shaker Ahmad**
Tel-00971-506354262 FAX-0097165334713
Emails: globaltm@ emirates.net.ae and texmach@hotmail.com
visit us at-www.american-traders.co.ae and americantraders.bizland.com
We can also assist you to setup your Business in Quota free Countries
Website Name: www.American-traders.co.ae

سیلان الرحم (لیکوریا) کے لئے
سپاری پاک قیمت -/45
خورشید یونانی دواخانہ ربوہ فون 211538

آسامیاں خالی ہیں
1- سیلزمین 10 آدمی 2- اکاؤنٹنٹ 2 آدمی
انٹرویو کے لئے اتوار کے علاوہ کسی بھی دن ایک بجے کے بعد تشریف لائیں
پتہ: میاں بھائی (پنکھا فیکٹری) گلی نمبر 5 نزد الفرح مارکیٹ کوٹ شہاب دین جی ٹی روڈ شاہدرہ لاہور فون 16-7932514 فیکس 7932517


روزنامہ الفضل رجسٹرڈ نمبر سی پی ایل-61